قارئین کے خطوط

ترتیب: مولانا سید ابرار اللہ شاہ

مکرمی ومحترمی جناب حضرت مولانا نسیم علی شاہ صاحب مدظلہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعد از تسلیمات وآداب عرض ہے کہ آپ اپنے والد صاحب مرحوم ومغفور کے یقیناً صحیح جانشین ہیں۔ اس دور فساد میں علمی تحقیق اور پیش آمدہ نوازل وحوادث میں امت کی شرعی راہنمائی کرنا ایک کٹھن اور مشکل کام ہے جس کے لئے اللہ کریم نے آپ کو موفق فرمایا ہے اللہ کریم مزید بر مزید ترقیات سے نوازے۔

آپ کا مراسلہ ملا خوشی ہوئی کہ آپ نے اس کام کو جاری وساری رکھا ہے۔ اللہ کریم سے دست بدعا ہوں کہ وہ آپ کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ اور آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے باوجود علمی کم مائیگی اور بے بضاعتی کے اس قابل سمجھا۔ اللہ کریم آپ کو اجر عظیم سے نوازے۔

آپ کا مخلص

(ڈاکٹر مفتی) عبدالوہاب ایسوسی ایٹ پروفیسر گورنمنٹ کالج بٹگرام

* * * *　　* * * * * * * * * * * *　　* * * * * * * * * * * *

محترم ومکرمی جناب مولانا سید نسیم علی شاہ الہاشمی صاحب مدظلہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جناب کا خط باعث مسرت ہوا، اس بات سے مزید خوشی ہوئی کہ آپ مجلہ المباحث الاسلامیہ کو نہ صرف جاری رکھے ہوئے ہیں بلکہ اس کی ترقی کے لئے بھی کوشاں ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی ان کاوشوں کو کامیاب ومقبول بنائیں اور تمام مقاصد حسنہ میں سہولت و کامیابی عطا فرمائیں۔ جب موقع ملا آپ کے مجلے کے لئے تحریر بھیجنے کو بندہ سعادت سمجھے گا۔

والسلام

محمد زاہد جامعہ امدادیہ (فیصل آباد)

* * * * * *　　* * * *　* * * * * * * * *　　* * * * * * * * * * * * *

عزیز القدر برادرم مولانا سید نسیم علی شاہ صاحب! حفظ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

''مجلہ المباحث الاسلامیہ'' کے اجراء کے اغراض ومقاصد کی یاددہانی اور آپ کے نیک عزائم پر مشتمل آپ کا مکتوب مجھے موصول ہوا۔ حضرت ڈاکٹر کو بھی موصول ہوا۔ یاد فرمائی کا بہت بہت شکریہ۔

مجلہ ''المباحث الاسلامیہ'' سے میرا دیرینہ علمی وطالب علمی کا تعلق ہے اور حد سے بڑھ کر آپ کے والد بزرگوار کی یادوں کا

رشتہ ہے جو میں کبھی فراموش نہیں کر سکتا کیوں کہ اس تعلق کا باعث حضرت الشیخ حضرت شامزی شہیدؒ ہیں اور میرا طالب علمانہ وجودان ہی کا مرہون منت ہیں۔

ان شاء اللہ میں آپ کی خواہش کو اپنی اخلاقی ذمہ داری سمجھ کر پورا کرنے کیلئے پرعزم ہوں۔ مرتب مشاغل کیوجہ سے تاخیر ہوسکتی ہے جس کیلئے پیشگی معذرت پیش کرتا ہوں۔

برادرم مولانا مفتی عظمت اللہ بنوی صاحب اور دیگر اہل علم کی خدمت میں دعاء وسلام!

اپنے نیک عزم کا اعادہ کرتا ہوئے اجازت چاہتا ہوں۔

والسلام

آپ کا خیر اندیش بندہ رفیق احمد بالاکوٹی جامعہ علوم الاسلامیہ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

* *

بخدمت جناب حضرت مولانا سید نسیم علی شاہ صاحب مدظلہ

السلام علیکم!

مزاج اقدس!

اس پرفتن دور میں سہ ماہی المباحث الاسلامیہ کا اجراء ایک بہت ہی روشن کارنامہ ہے اور اسمیں شائع ہونے والے مضامین انتہائی قیمتی اور شاندار ہوتے ہیں بہت ہی معلوماتی اور جید قسم کا رسالہ ہے قارئین اس سے بہت فائدہ اٹھا رہے ہیں مولانا سید نصیب علی شاہ نور اللہ مرقدہ کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔ ۱۵ دسمبر ۲۰۱۰ء تا ۱۵ مارچ ۲۰۱۱ء کے شمارہ میں مفتی سید طارق علی شاہ کا مقالہ اور مضمون پولیو ویکسین علماء شریعت الخ بہت ہی مفید ہے اکثر لوگ مغالطے کا شکار تھے بلکہ اکثر اہل علم بھی تذبذب کا شکار تھے مفتی صاحب کے تحقیق نے انکے اشکالات کو دور کر دیا ہے اللہ تعالیٰ مفتی صاحب کو جزائے خیر عطا فرمائے مفتی صاحب کی اس تحریر کو بہت ہی پذیرائی حاصل ہوئی ہے اور مدرسہ ہذا کے طلباء اساتذہ آپ کے جاری رسالے کے ترقی کیلئے دعا گو ہیں۔

اللہ تعالیٰ مولانا سید نصیب علی شاہ صاحب کی مرقد مبارک پر رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین۔

والسلام

حفظ الرحمٰن خادم العلوم وانتظام مدرسہ

فاضل وفاق المدارس العربیہ پاکستان